کتب خانہ سعیدیہ حیدر آباد کے ۷۰۰ عربی مخطوطات کی موضوعی مجمل فہرست ہے۔ موضوعات کی تفصیل اس طرح ہے:

قرآن مجید، تجوید، تفسیر قرآن، علوم القرآن، اصول الحدیث، الحدیث، الرجال، السیرۃ الطیبہ، اصول الفقہ، فقہ۔

حوالہ: مشفق خواجہ، کراچی

* فاروقی، محمد ابرار حسین

۱۰۰- بیرونی عنوان:

تذکرۂ جواہر زواہر - حصہ اول، یعنی مخطوطات فارسی جواہر میوزیم اٹاوہ (یو - پی)۔

اندرونی عنوان:

تذکرۂ جواہر زواہر، جلد اول، یعنی جواہر میوزیم اٹاوہ کے صرف ایک سو بیاسی فارسی مخطوطات کا تشریحی و تفصیلی تذکرہ (اردو)

جواہر میوزیم، اٹاوہ - ۱۳۷۸ھ/۱۹۵۹ء، ذ + ۲۷۰ + ۸ ص۔

جواہر میوزیم اٹاوہ کے ۱۸۲ فارسی مخطوطات کی مفصل موضوعی فہرست ہے۔

شروع میں کتابوں کے ناموں کی باعتبارِ موضوعات (تصوف، تاریخ اسلام، سیرت و تذکرہ، تاریخ ہند) فہرست ہے اور پھر اسی ترتیب کے مطابق کتابوں کا تفصیلی تذکرہ ہے۔ آخر میں مصنفین اور کتب کے ناموں کا بترتیبِ حروفِ تہجی اشاریہ ہے۔

بعض نادر نسخوں کے صفحات کی تصویریں بھی شائع کی گئی ہیں۔

حوالہ: جامعۂ پنجاب، لاہور

* فاروقی، محمد ابرار حسین

۱۰۱- فہرست مخطوطات کتب خانۂ انجمن ترقی اردو علی گڑھ (اردو)

مشمولہ سہ ماہی ''اردو ادب'' علی گڑھ، مارچ ۱۹۵۳ء، جولائی

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۹۵۳ء (دو قسطیں) -

انجمن ترقی اردو علی گڑھ میں اردو کتب کے ۵۹۳ مخطوطات کی دستی فہرست ہے جس میں کتاب اور مصنف کا نام ، سال کتابت نمبر اور کتاب کا ذکر ہوا ہے -

حوالہ : دکنی اور دکنیات ، ص ۱۳۹

* فرید الدین شیخ

۱۰۲- کتب خانہ درگاہ حضرت پیر محمد شاہ قدس سرہ ، احمد آباد

مقالہ مشمولہ "نوائے ادب" بمبئی ، اکتوبر ۱۹۵۵ء ، ۱۵ ص -

حوالہ : دکنی اور دکنیات ، ص ۱۴۷

* Fyzee, A.A.A. فیضی ، اے - اے - اے

۱۰۳- A Descriptive List of the Arabic, Persian and Urdu Manuscripts in the Bombay Branch Royal Asiatic Society.

Bombay, 1927. pp. 43.

غالباً کسی مجلہ (شاید ایشیاٹک سوسائٹی جرنل ، کلکتہ) میں بطور مقالہ شائع ہوا ہے -

رائل ایشیاٹک سوسائٹی کی بمبئی شاخ کے کتب خانے میں موجود عربی کے پانچ ، فارسی کے آنیس اور اردو کے تین قلمی نسخوں کی فہرست ہے -

آخر میں اشخاص ، کتب اور مقالات کے ناموں کا مشترکہ اشاریہ ہے -

حوالہ : جامعہ پنجاب ، لاہور

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

* قادری ، حکیم (سید) شمس اللہ

۱۰۴- اردو مخطوطات انڈیا آفس لائبریری لندن

انجمن ترقی اردو ، اورنگ آباد ، ۱۹۲۹ء ، ۴۱ ص -

اس کتاب میں حسبِ ذیل عنوانات کے تحت ۲۲۹ قلمی کتابوں کی فہرست مرتب کی گئی ہے :

دینیات ۳۴ نسخے ، تاریخ ۱۶ ، سوانح ۳ ، تذکرے ۱۴ ، جغرافیہ ۴ ، قصص و حکایات ۲۷ ، منظومات ۱۲۸ ، اخلاق ۳ ، طب ۲ ، موسیقی ۹ ، زراعت ۱ ، فنونِ حرب ۱ ، مجموعۂ الفاظ ۱۴ ، لغات ۲ ، صرف و نحو ۲ ، متفرق ۸ -

اس فہرست میں مصنف نے بلوٹ ہارٹ کی مرتبہ مبسوط فہرست جو آکسفورڈ یونیورسٹی پریس سے ۱۹۲۶ء میں شائع ہوئی تھی ، بعض غلطیوں کی نشان دہی بھی کی ہے -

حوالہ : دکنی اور دکنیات ، ص ۱۳۹ - ۱۴۰

* قادری ، حکیم سید شمس اللہ

۱۰۵- مخطوطاتِ تاریخی (اردو)

واحد بک ڈپو ، کراچی ، ۱۹۶۷ء ، ۴۸ ص

ہندوستانی کتب خانوں میں موجود تاریخ اور تذکرہ کے موضوع پر عربی اور فارسی کتابوں کے ۴۳ قلمی نسخوں کا تذکرہ ہے -

کتب خانوں کے نام یہ ہیں :

کتب خانۂ حبیب گنج (مولانا حبیب الرحمٰن خاں شروانی) ، لٹن لائبریری مسلم یونیورسٹی علی گڑھ (مرحوم سر سید احمد خاں کلیکشن ، نواب سبحان اللہ خان کلیکشن) ، مسلم ایجوکیشنل کانفرنس لائبریری علی گڑھ ، ملا فیروز لائبریری بمبئی ، ذخیرۂ آقائے داعی الاسلام سید محمد علی لاریجانی ، حیدر آباد دکن -

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

ہر کتب خانے کے مخطوطات کا الگ الگ ذکر ہوا ہے۔

حوالہ : گنج بخش

* قادری ، حکیم سید شمس اللہ

۱۰۶- یادداشت حکیم سید شمس اللہ قادری ماہر آثار قدیمہ بر مخطوطات تاریخی مخزونہ کتاب خانہ نواب صدر یار جنگ بہادر مولانا حبیب الرحمٰن خان شروانی واقع حبیب گنج ضلع علی گڑھ۔

حیدر آباد ، احمدیہ پریس ، ۱۹۳۹ء ، ۲۳ ص۔

تاریخ و تراجم کے ۲۵ مخطوطات عربی و فارسی کی بعض خصوصیات کا تذکرہ ہے۔

حوالہ : انجمن ترقی اردو ، کراچی

* قیصر امروہوی ، سید محمود حسن

* رضوی ، سید محمد حسین

۱۰۷- فہرست مخطوطات مولانا آزاد لائبریری علی گڑھ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ ، ذخیرۂ آفتاب (اردو)

انگریزی عنوان :

Catalogue of Manuscripts in the Maulana Azad Library Aligarh Muslim University, Aligarh.

(AFTAB COLLECTION)

مولانا آزاد لائبریری علی گڑھ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ ، ۱۹۸۵ء/ ۱۴۰۶ھ ، ۱۰ + ۵۹ ص۔

مولانا آزاد لائبریری کے ذخیرۂ صاحب زادہ آفتاب احمد خان (۱۸۶۰ء - ۱۹۳۰ء) میں عربی کے ۶۶ ، فارسی کے ۶۲ اور اردو کے ۳ مخطوطات کی برحسبِ زبان ، مختصر موضوعی فہرست ہے۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

آخر میں اشخاص اور کتب کے ناموں کے اشاریے ہیں ۔

حوالہ : نوشاہیہ

* قیصر امروہوی ، سید محمود حسن

زیر نگرانی : سید محمد حسین رضوی

۱۰۸- فہرست مخطوطات مولانا آزاد لائبریری علی گڑھ یونیورسٹی علی گڑھ ۔ ذخیرۂ احسن مارہروی (اردو)

Catalogue of Manuscripts in the Maulana Azad Library, Aligarh Muslim University, Aligarh.

AHSAN COLLECTION.

مولانا آزاد لائبریری علی گڑھ مسلم یونیورسٹی ، علی گڑھ ، ۱۹۸۳ء ، ۱۳ + ۱۹۹ ص ۔

مولانا آزاد لائبریری علی گڑھ (مسلم یونیورسٹی علی گڑھ) میں مولانا احسن مارہروی (۱۲۹۳ھ/۱۸۷۶ء — ۳۰/ھ اگست ۱۹۴۰ء) کے ذخیرہ کے ۴۳۱ عربی ، فارسی ، اردو اور ہندی بھاشا مخطوطات کی مختصر موضوعی فہرست ہے ۔

عربی مخطوطات (شمارہ اندراج (۱ - ۷۹) ، فارسی مخطوطات (شمارہ اندراج ۸۰ - ۳۹۸) ، اردو مخطوطات (ش ۳۹۹ - ۴۳۹) ، ہندی بھاشا (ش ۴۴۰ - ۴۴۷) ۔

آخر میں مؤلفین اور مؤلفات کے اشاریے ہیں ۔

حوالہ : نوشاہیہ

* قیصر امروہوی ، سید محمود حسن

زیر نگرانی : سید محمد حسین رضوی

۱۰۹- فہرستِ مخطوطات مولانا آزاد لائبریری علی گڑھ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ ۔ ذخیرۂ شیفتہ ۔ (اردو)

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

انگریزی عنوان :

Catalogue of Manuscripts in the Maulana Azad Library Aligarh Muslim University, Aligarh.

(SHIFTA COLLECTION).

مولانا آزاد لائبریری علی گڑھ ، مسلم یونیورسٹی علی گڑھ ، ۱۹۸۲ء ، (۱۶)+۱۲۳ ص -

مولانا آزاد لائبریری علی گڑھ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں محمد مصطفیٰ خان شیفتہ نواب جہانگیر آباد (۱۸۰۶ - ۱۸۶۹ء) کے ذخیرۂ کتب کے ۲۲۴ مخطوطات کی متوسط موضوعی فہرست ہے -

عربی مخطوطات (مسلسل شمارہ ۱ - ۸۲) - موضوعات :
علوم قرآنیہ ، تفسیر ، حدیث ، اوراد و اعمال ، فقہ ، فقہ شافعی ، اصول فقہ ، علم کلام ، تصوف ، مواعظ ، حشریات ، علوم ، منطق ، علم الهیئة ، علم الحساب ، علم الطب ، علم الحیوانات ، مفاتیح العلوم ، لسانیات ، علم الصرف ، لغات ، نظم ، سیرت ، اعلام ہند -

فارسی مخطوطات (مسلسل شمارہ ۸۳ - ۲۱۸) - موضوعات :
علم القرأة ، علم الحدیث ، اوراد و اعمال ، فقہ ، کلام و عقائد ، جدلیات ، رد تشیع ، تصوف ، مصطلحات ، اذکار صوفیا ، سلوک و آداب ، مکتوبات ، ملفوظات ، اخلاقیات ، تاریخ ادیان ، علوم ، منطق ، علم الحساب ، علم الطب ، علم البیطرہ ، طباخی ، لسانیات ، صرف ، نحو ، عروض ، نظم عربی ، شروح ، انشا ، نظم فارسی ، مجموعے ، پشتو نظم ، تاریخ و تذکرہ ، تاریخ عام ، تاریخ ہند عام ، تاریخ تیموریاں ، سفرنامے ، سیرت ، تذکرۂ اولیا ، تذکرۂ شعراء -
اردو مخطوطات (مسلسل شمارہ ۲۱۹ - ۲۲۰) - موضوعات : نظم -

اس کے بعد بطور ضمیمہ (۲۲۲ - ۲۲۴) دو فارسی اور ایک عربی مخطوطہ کا ذکر ہے -

آخر میں مصنفین اور کتب کے اسماء کا الگ الگ اشاریہ ہے -

حوالہ : گنج بخش ، نوشاہیہ

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

* قیصر امروہوی ، سید محمود حسن

زیر نگرانی : سید محمد حسین رضوی

۱۱۰- مرآۃ التصوف : تصوف پر اہم مخطوطات کی جزوی فہرست -

مولانا آزاد لائبریری علی گڑھ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ ، فروری ۱۹۸۵ء ، ۱۵۲ ص -

مولانا آزاد لائبریری علی گڑھ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کے تمام مخازن (Collections) میں موجود صرف تصوف اور اس کے ذیلی فنون پر فارسی کتب کے ۵۶۵ مخطوطات اور عربی کتب کے ۱۲۳ مخطوطات کی دستی فہرست ہے -

فارسی مخطوطات کے موضوعات یہ ہیں :

تصوف ، عام (سلوک و آداب ، اذکار صوفیہ ، اسماء حسنیٰ ، سماع ، عشق ، وصل) فلسفۂ تصوف (وجود ، وحدت ، توحید ، وحدت الوجود ، روح و نفس ، اثباتِ واجب) ، ملفوظات ، مکتوبات ، تراجم از سنسکرت ، تذکرۂ صوفیا (عام) ، تذکرۂ صوفیا (افراد) ، شجرات صوفیا ، سلاسل صوفیا -

عربی مخطوطات تصوف عام ، سلوک و آداب ، اسماء حسنیٰ ، ملفوظات اور تذکرۂ صوفیا پر ہیں -

حوالہ : نوشاہید

* Qaisar, M. H.

* Razvi, M. H.

۱۱۲- **Catalogue of Manuscripts in the Maulana Azad Library Aligarh Muslim University, Aligarh.**

Volume I : Habibganj Collection (Persian), Part I : Poetry.

Maulana Azad Library Aligarh Muslim University, Aligarh, 1981, xvi + 328 pp.

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

مولانا آزاد لائبریری مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں نواب صدر یار جنگ مولانا حبیب الرحمان خان شروانی (۱۸۶۷ء - ۱۹۵۰ء) کے ذخیرۂ مخطوطات کی متوسط موضوعی فہرست ہے - اس میں صرف شاعری پر کتب کے ۴۰۵ قلمی نسخوں کا حسب ذیل موضوعات کے مطابق تذکرہ ہوا ہے :

غزنوی عہد ، سلجوقی عہد ، مغل اور تاتار عہد ، صفوی عہد تا انقراض قاچاریہ ، عہد مشروطیت ، نامعلوم الاسم کتب ، مجامیع -

آخر میں پانچ اشاریے ملحق کیے گئے ہیں -

۱- مصنفین اور دیگر اشخاص کے اسماء - ۲- کتابوں کے نام - ۳- مہریں - ۴- کاتبوں کے نام - ۵- مقامات کتابت - ۶- تاریخہائے کتابت -

تمام اشاریے انگریزی رسم الخط میں ہیں - البتہ مہروں کی عبارتیں اردو رسم الخط میں بھی درج ہوئی ہیں -

Volume I : Habibganj Collection (Persian), Part II : Islamic Sciences, History, Biography etc.

Same Publisher, 1985, viii + 386 pp.

قرآنی علوم ، حدیث ، فقہ ، کلام ، تصوف ، علوم ، موسیقی ، خطاطی ، تیراندازی ، شکار ، طباخی ، فن تعمیر ، طب ، جغرافیہ ، تاریخ اور تذکرہ پر ۷۴۴ مخطوطات (مسلسل شمارۂ اندراج ۴۰۶ تا ۱۱۴۹) کی فہرست ہے -

آخر میں اردو رسم الخط میں مؤلفین و اشخاص ، عنوانات کتب ، کاتبوں ، مہروں کا اشاریہ ہے - تاریخ کتابت کے اعتبار سے بھی نسخوں کا ایک جدول دیا گیا ہے -

حوالہ : گنج بخش ، نوشاہیہ

* کامل حسین ، سید

۱۱۳- فہرست نسخ قلمی سبحان اللہ اورینٹل لائبریری علی گڑھ - عربی ،

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

فارسی ، اردو - (اردو)

لائبریری کمیٹی مسلم یونیورسٹی علی گڑھ ، ۱۹۲۹ء ، ۱۳۶ ص -
موضوعی ترتیب کے مطابق ہے -

حوالہ : محمد اقبال مجددی ، لاہور - جامعۂ پنجاب لاہور ، وہاں یہ کتاب موجود ہے مگر رجوع کے وقت دستیاب نہیں ہو سکی ، دکنی اور دکنیات ص ۱۳۶ -

* Kali Prasad کالی پرشاد

۱۱۴- Catalogue of Oriental Manuscripts in the Lucknow University Library, Lucknow.

Publisher, Ram Kumar Press, Lucknow, 1951, 75 pp.

لکھنؤ یونیورسٹی لائبریری لکھنؤ میں موجود ۱۵۰ عربی ۳۵ اردو ، ۱ ترکی اور ۲۹۱ فارسی مخطوطات (ص ۱ - ۳۱) اور تقریباً ۷۰۰ سنسکرت اور ہندی کتابوں کے قلمی نسخوں کی مجمل فہرست ہے -

حوالہ : آزاد لائبریری ، علی گڑھ

* Kirpal Singh کرپال سنگھ

۱۱۵- A Catalogue of Persian and Sanskrit Manuscripts in the Sikh History Research Department uptil March 31, 1962.

Sikh History Research Department, Khalsa College, Amritsar, 1962, xii + 146 + 2 pp.

سکھ ہسٹری ریسرچ ڈیپارٹمنٹ (شعبہ تحقیق تاریخ سکھاں) خالصہ کالج امرتسر میں ۳۱ مارچ ۱۹۶۲ء تک موجود فارسی اور سنسکرت کے مخطوطات کی مجمل موضوعی فہرست ہے - ترتیب یہ ہے :

۱- فارسی کتب : ۲۴۸ نسخے -

موضوعات : عام تاریخ ، تاریخ ہند ، تاریخ پنجاب ، دستاویزات ،

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

اخبارات ، تذکرہ ، یادداشتیں ، عقائد ، لسانیات و ادبیات ، متفرقات ، (طب وغیرہ) ۔

۲۔ سنسکرت کتب : ۱ نسخہ ۔

۳۔ ضمیمہ اول : فارسی مخطوطات ، حروف تہجی کی ترتیب کے ساتھ ۔

۴۔ ضمیمہ دوم : مصنفین اور شارحین کتب فارسی کا اشاریہ ۔

۵۔ ضمیمہ سوم : فارسی اور سنسکرت کے اہم اور نادر مخطوطات سے اقتباسات۔ فارسی مخطوطات سے اقتباسات فارسی رسم الخط میں ہیں ۔

حوالہ : گنج بخش

* **Kirpal Singh**

A Catalogue of Punjabi and Urdu Manuscripts in the Sikh History Research Department uptill March 31, 1963. -۱۱۶

Sikh H.R.D. Khalsa College, Amritsar, 1963, × + 125 pp.

شعبہ تحقیق سکھ تاریخ خالصہ کالج امرتسر کے کتب خانے میں موجود پنجابی زبان کے ۷۸ اور اردو زبان کے ۴۷ مخطوطات کی دستی فہرست ہے ۔

حوالہ : Janert مسلسل شمارہ ۴

* **Kamal-ud Din Ahmad**

* **Abdul-i-Muqtadir**

Catalogue of the Arabic and Persian Manuscripts in the Library of the Calcutta Madrasah. -۱۱۷

Calcutta, 1905, iv + 38 + 115 pp.

کلکتہ مدرسہ کے کتب خانے میں (عربی کے ۱۰۳ مخطوطات) اور

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

فارسی کے ۷۹ مخطوطات (مسلسل شمارہ ۱۰۳ - ۱۸۲) کی فہرست ہے۔

ابتداء میں اشخاص کے ناموں اور کتب کے عنوانات کے عربی رسم الخط میں الگ الگ اشاریے موجود ہیں۔

حوالہ : آزاد ، علی گڑھ

* کورکیس عواد

۱۱۸- اقدم المخطوطات العربية فی مکتبات العالم المکتوبة منذ صدر اسلام حتی سنة ۵۰۰ھ (= ۱۱۰۶ م) - (عربی) :

وزارة الثقافة و الاعلام الجمهورية العراقية ، بغداد ، سلسلة المعاجم و الفهارس ٤٦ ، ۱۹۸۲ء ، ۲۴۵ ص -

دنیا بھر کے کتب خانوں میں موجود صدر اسلام سے لے کر ۵۰۰ھ/ ۱۱۰۶ء تک کتابت کیے جانے والے نادر عربی مخطوطات کی موضوعی فہرست ہے - اس میں بھارت سے دس قلمی نسخوں کو شامل کیا گیا ہے - ۴ مخطوطات قرآن مجید کے ہیں جو رضا لائبریری رام پور میں موجود ہیں -

حوالہ : نوشاہیہ

* Kokan, Muhammad Yousuf کوکن ، محمد یوسف

۱۱۹- Arabic and Persian in Carnatic 1710 - 1960.
Author, Madras, 1974, 9 + 581 + 9 pp.

بظاہر ہندوستان کے علاقے کرناٹک میں عربی اور فارسی ادب کی تاریخ (از ۱۷۱۰ء تا ۱۹۶۰ء) ہے ، مگر درحقیقت اس عہد کے فارسی اور عربی مصنفین کی کتب کا مفصل تنقیدی جائزہ ہے -

حوالہ : مشفق خواجہ ، کراچی

* Govt. Or. Mss. Library, Madras
گورنمنٹ اورینٹل مینوسکرپٹس لائبریری ، مدراس

۱۲۰- Alphabetical Index of Manuscripts in the Government Oriental Manuscripts Library Madras.

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

Government Press Madras, 1893, 365 pp.

گورنمنٹ اورینٹل مینوسکرپٹس لائبریری میں موجود عربی ، فارسی اور اردو مخطوطات کے علاوہ دیگر ہندوستانی زبانوں کے قلمی نسخوں کی الفبائی دستی فہرست ہے -

حوالہ : Janert ، مسلسل شمارہ ۱۳۶

* [Same Author]

۱۲۱- **Alphabetical Index of Manuscripts in the Government Oriental Manuscripts Library of Madras (Persian Manuscripts).**
Madras, 1893, 22 pp.

گورنمنٹ اورینٹل مینوسکرپٹس لائبریری مدراس میں فارسی کتابوں کے مخطوطات کی الفبائی فہرست ہے -

حوالہ : انشار ، ۵۶ ص

* **K. M. Maitra** میترا ، کے ایم

۱۲۲- **A Descriptive Catalogue of Persian Manuscripts preserved in the Kapurthala State Library.**
Printed by Mohammad Din at Jijnasu Printing Works, Lahore, 1921, VIII + 176 pp.

کپور تھلہ سٹیٹ لائبریری میں موجود فارسی کتب کے مخطوطات کی متوسط موضوعی فہرست ہے - کل ۲۸۷ اندراجات ہیں -

موضوعات حسب ذیل ہیں :
تاریخ ، شاعری ، نثر و انشاء ، قواعد زبان ، سنسکرت سے تراجم ، عقاید ، طب ، مجموعہائے رسائل -

آخر میں کوئی اشاریہ نہیں ہے -

حوالہ : جامعۂ پنجاب ، لاہور

* محفوظ الحق - دیکھیے : ہدایت حسین

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

* محمد نبی ، مولوی

۱۲۳- فہرست کتب عربیہ موجودۂ کتب خانہ ریاست رام پور (اردو)
مجلد دوم ، حصہ اول :

حسب الحکم حافظ احمد علی خان ناظم کتاب خانہ رام پور ، مطبع سرکاری ، رام پور ، ۱۹۲۸ء ، ۳ + ۳۴ + ۸۳۵ ص ،

کتب خانہ ریاست رام پور میں مطبوعہ اور غیر مطبوعہ عربی کتابوں کی فہرست جو موضوع وار مرتب ہوئی ہے -

موضوعات کی ترتیب حسب ذیل ہے :

تفسیر ، علوم قرآنی ، حدیث ، اسماء الرجال ، اوراد ، فقہ ، کلام ، سلوک ، اخلاق ، حکمت -

ابتدا میں راہ نمائی کے لیے کتابوں کی موضوعی فہرست درج کی گئی ہے -

حوالہ : گنج بخش

جلد سوم : ۳۵۲ ص -

موضوعات کی ترتیب حسب ذیل :

ریاضی ، موسیقی ، ہیئت ، منطق ، طب ، تشریح ، بیطرہ ، لغت ، صرف ، نحو -

یہ بھی مطبوعہ اور غیر مطبوعہ کتب کی مخلوط فہرست ہے -

حوالہ : گنج بخش

* محمود حسین میر

۱۲۴- فہرست نسخہ‌های خطی در انتیستوی تحقیقات علوم شرقی :
انجمن فارسی ، دہلی ، ۱۹۸۳ء ، ۴۴ ص -

حوالہ : مجلہ ''آیندہ'' تہران ، سال ۱۲ ، شمارہ ۱۱-۱۲ ، ۸۶۹ ص -

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

* محمود بنگلوری ، محمود خان

۱۲۵- ٹیپو سلطان مع فہرست کتب خانۂ ٹیپو سلطان (اردو)

گوشۂ ادب ، لاہور ، ۱۹۵۹ء -

حوالہ : جامعۂ پنجاب ، لاہور - وہاں یہ کتاب موجود ہے مگر رجوع کے وقت دستیاب نہیں ہو سکی -

* مختارالدین احمد

۱۲۶- فہرست مخطوطاتِ عربی و فارسی و اردو ذخیرۂ احسن مارہروی ، لٹن لائبریری مسلم یونیورسٹی علی گڑھ - (اردو)

مقالہ مشمولہ اورینٹل کالج میگزین لاہور ، نومبر ۱۹۵۵ء ، جلد ۳۲ ، شمارہ ۱ ، ص ۲۵ - ۵۶ -

عربی کے ۲۶ مخطوطات ، فارسی کے ۱۷۶ مخطوطات اور اردو کے ۳۰ مخطوطات کی علیحدہ علیحدہ موضوعی فہرست ہے -

حوالہ : ادارۂ تحقیقاتِ اسلامی ، اسلام آباد -

* مختارالدین احمد

۱۲۷- فہرست نمائش گاہ مخطوطات و نوادر کتب خانہ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ - (اردو)

علی گڑھ ، ۱۹۵۳ء ، ۱۶ + ۳۲ ص -

اس فہرست کی ترتیب کے وقت مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کے تقریباً سارے مخطوطات ایجوکیشنل کانفرنس کی عمارت میں منتقل کر دیے گئے تھے ، جس کا ہال مخطوطات و نوادر کی نمائش گاہ کے طور پر استعمال کیا جاتا رہا - یہ اسی نمائش گاہ میں رکھی گئی کتب ، وصلیوں اور قدیم مطبوعات کی مجمل فہرست ہے -

بعض وصلیوں اور نادر مخطوطات کے صفحات کی تصاویر بھی شامل کی گئی ہیں -

حوالہ : مشفق خواجہ ، کراچی

* مختارالدین احمد - نیز دیکھیے : اطہر عباس رضوی

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

* Mutiul Imam مطیع الامام

۱۲۸- **A List of Manuscripts, Microfilms Relating to the Firdawsiyya Order of Sufism.**

University of Karachi, 1969, 14 pp.

سلسلۂ سہروردیہ (منسوب بہ شیخ نجیب الدین کبریٰ سہروردی) سے متعلق ہندوستانی کتب خانوں میں موجود ۶۰ مخطوطات کی مائیکرو فلموں کی فہرست ہے - یہ فلمیں کراچی یونیورسٹی اور ڈائریکٹریٹ آف آرکائیوز گورنمنٹ آف پاکستان میں موجود ہیں -

حوالہ : مشفق خواجہ ، کراچی

* Mu'izz Goriawala معز گوریا والا

۱۲۹- **A Descriptive Catalogue of the Fyzee Colection of Ismaili Manuscripts.**

University of Bombay, 1965, (12) + 172 pp.

بمبئی یونیورسٹی بمبئی میں ذخیرۂ فیضی (Mr. Asaf A.A. Fyzee) کے مخطوطات کی وضاحتی فہرست ہے جو دو حصوں پر مشتمل :

۱- اسماعیلی مخطوطوت : ۱۸۶ نسخے ، یہ سبھی عربی زبان میں ہیں -

۲- غیر اسماعیلی مخطوطات : ۲۳ نسخے ، اس حصے میں عربی نسخوں کے علاوہ کم از کم ۶ نسخے اردو زبان میں ہیں -

فہرست نویس نے کتابوں کا ذکر مصنف کے زمانۂ حیات کی ترتیب کے مطابق کیا ہے - جن کتابوں کے مصنفین کا زمانۂ حیات معلوم نہیں ، وہ کتابیں حروف تہجی کی ترتیب کے مطابق درج ہوئی ہیں -

فہرست کے متن میں کتابوں کے نام ، فہرستِ مضامین اور ابتدائی عبارت عربی رسم الخط میں نقل ہوئی ہے -

آخر میں انگریزی رسم الخط میں مندرجہ ذیل اشاریے ہیں :

۱- اشخاص کے نام ، جن کا ذکر متن میں ہوا ہے -

۲- اسمائے کاتبان -

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۳- ان کتابوں کے اسماء جن کا ذکر بطور حوالہ ہوا ہے -

۴- اسمائے مصنفین -

۵- فہرست کی جانے والی کتب کے اسماء -

۶- ضمنی طور پر مذکور ہونے والے اشخاص کے اسماء -

۷- فہرست میں مذکور قرآنی آیات -

حوالہ : گنج بخش

* مرکز تحقیقات زبان فارسی در ہند

فہرست نسخہ‌های خطی کتاب خانہ (شعبہ) تحقیق و اشاعت کشمیر و کتاب خانہ حمیدیہ بھوپال - (فارسی)

مرکز تحقیقات زبان فارسی در ہند ، دہلی نو ، سلسلہ مطبوعات ۳ ، ۱۳۶۴ ش / ۱۹۸۶ء -

ایک جلد میں دو مختلف کتب خانوں کے مخطوطات کی فہرست ہے لہذا دونوں کا الگ الگ ذکر کیا گیا ہے :

* مرکز تحقیقات زبان فارسی در ہند

فہرست نسخہ‌های خطی کتابخانہ شعبہ تحقیق و اشاعت کشمیر -

۵ + ۱۸۴ ص -

شعبہ تحقیق و اشاعت کشمیر یونیورسٹی ، سری نگر میں فارسی کتب کے ۵۰۰ مخطوطات کی مجمل فہرست ہے جو موضوعی ترتیب کے مطابق تیار کی گئی ہے -

موضوعات حسب ذیل ہیں -

تفسیر ، فقہ ، حدیث ، کلام ، اخلاق ، منظوم کتب ، تصوف ، تذکرہ ، ہندویات ، تاریخ ، لغت نامہ ، دواوین ، بیاض ، داستانیں اور قصے ، انشاء ، طب ، متفرقات -

آخر میں کتابوں اور مصنفوں کے ناموں کا اشاریہ ہے -

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

* نذیر احمد ، ڈاکٹر

فہرست نسخہ‌های خطی کتابخانہ مولانا آزاد یا حمیدیہ بھوپال

۲۴۰ ص -

کتب خانہ مولانا آزاد (سابق حمیدیہ) بھوپال میں فارسی کتابوں کے ۵۳۸ قلمی نسخوں کی موضوعی مجمل فہرست ہے -

موضوعات کی ترتیب اس طرح ہے :

کلام ، تفسیر ، تجوید ، حدیث ، فقہ ، ادعیہ ، سیرت ، تذکرہ ، ادیان ، تاریخ ، ادبیات ، مثنویات ، شعر ، رقعات و انشاء ، داستان ، شروح ، لغت ، قواعد و زبان فارسی ، صرف و نحو عربی و عروض و قافیہ و معما ، سفر نامہ ، دائرۃالمعارف -

آخر میں اسمائے کتب و مصنفین کا اشاریہ موجود ہے -

حوالہ : گنج بخش ، نوشاہیہ

* مرکز تحقیقات زبان فارسی در ہند - (بتعاون محمد ہارون - بہرام یمنی)

۱۳۵- فہرست نسخہ‌های خطی عربی کتابخانہ ندوۃالعلماء لکھنؤ- (فارسی)

انگریزی عنوان :

The Catalogue of Arabic Manuscripts in the Library of Nadvatul Ulema, Lacknow.

مرکز تحقیقات زبان فارسی در ہند ، خانہ فرہنگ جمہوری اسلامی ایران ، دہلی نو ، سلسلہ مطبوعات ۶ ، ۱۴۰۶ھ / ۱۳۶۵ ش ، ۱۰ + ۸۸۱ ص -

ندوۃالحکماء لکھنؤ کے کتب خانے (قیام ۱۳۱۰ھ/۱۸۹۳ء) میں عربی متون کے ۲۲۳۲ نسخوں کی متوسط موضوعی فہرست ہے -

موضوعات حسب ذیل ہیں :

قرآن کریم ، تفسیر و علوم قرآنی ، حدیث ، مصطلحاتِ حدیث ، اسماء رجال ، اسانید و اجازت ، فقہ ، اصولِ فقہ ، کلام ، مناظرہ و

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

آداب بحث ، مواعظ ، فلسفہ و حکمت، منطق ، اخلاق ، سیرت، تاریخ ، ادب ، لغت ، صرف و نحو ، عروض ، بلاغت ، طب ، نجوم و ریاضی ، اوراد و ادعیہ ، متفرقات -

آخر میں تین اشاریے ملحق کیے گئے ہیں :

۱- اسمائے کتب - ۲- اسمائے مؤلفین ، مصنفین ، مترجمین - ۳- اسمائے کاتبان -

* مرکز تحقیقات زبان فارسی در ہند

فہرست نسخہ‌های خطی فارسی کتابخانہ ندوۃ العلماء لکھنؤ - (فارسی)

وہی ناشر ، سلسلۂ مطبوعات ۴ ، ۱۳۶۵ ش / ۱۹۸۶ء ، ۹ + ۸۹۷ ص -

کتب خانہ ندوۃ العلماء لکھنؤ میں فارسی کتابوں کے ۱۵۹۰ نسخوں کی متوسط موضوعی فہرست ہے -

موضوعات کی ترتیب اس طرح ہے :

ترجمہ و تفسیر ، تجوید ، حدیث ، فقہ ، کلام و مناظرہ ، منطق ، فلسفہ ، تصوف ، منظومات و شروح ، داستانیں اور ادبی نثر ، قواعد و زبان ، طب ، ہیئت و ریاضی و نجوم ، لغت ، عروض و قافیہ ، تاریخ ، تذکرہ ، اخلاق ، ادعیہ و اوراد ، ہندیات ، انشاء و رقعات ، دائرۃ المعارف ، متفرقات -

خاتمے پر کتب ، مؤلفین و مصنفین و مترجمین ، کاتبوں کے ناموں کا علیحدہ علیحدہ اشاریہ ہے -

حوالہ : گنج بخش ، نوشاہیہ

* Manindra Mohan Bose منندر موہن بوس

۱۳۱- The Descriptive Catalogue of Bengali Manuscripts. Volume III : University of Calcutta, 1930, x + 493 - 702 pp.

کلکتہ یونیورسٹی کلکتہ میں بنگالی کتب کے مخطوطات کی وضاحتی

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

فہرست ہے۔

حوالہ : جامعہ کراچی

* M.L. Menaria — مینارِیہ ، ایم ۔ ایل

۱۳۱- A Catalogue of Manuscripts in the Library of H.H. the Maharana of Udaipure (Mewar).

The Saraswati Bhandar Library, Udaipur, 1943, 5+ 269 + 40 + 7 pp.

ہزھائی‌نس مہارانا صاحب بہادر کی ذاتی لائبریری ، جو سرسوتی بھندر لائبریری (اودھے پور) کے نام سے مشہور ہے ، کے مخطوطات کی دستی فہرست ہے ۔ یہ کتب خانہ مہارانا سروپ سنگھ نے ۱۸۴۰ء اور ۱۸۶۰ء کے درمیان قائم کیا تھا ۔

الفبائی ترتیب کے مطابق مرتب ہونے والی اس فہرست میں پراکرت ، سنسکرت ، ہندی ، راجستھان ، عربی ، فارسی اور اردو زبانوں کے مخطوطات کا تعارف درج ہوا ہے ۔

آخر میں پراکرت اور سنسکرت ، ہندی اور راجستھانی زبان کی کتب کے مصنفین کے الگ الگ اشاریے ہیں ۔

حوالہ : محکمہ آثارِ قدیمہ ، کراچی

* نامعلوم

۱۳۲- فہرست کتب خانۂ مدرسۂ محمدیہ متعلق مسجد جامع بمبئی ۔ (اردو)

حسب فرمائش حضرات مشاورین امور مسجدِ جامع بمبئی و اوقاف آن وغیرہ ، باہتمام ناظر مسجدِ جامع بمبئی ، مطبوعہ مطبع رحمانی بمبئی ، ۱۳۴۱ھ ، ۶۰۲ ص ۔

جامع مسجد بمبئی سے وابستہ مدرسۂ محمدیہ کے کتب‌خانے میں عربی ، فارسی اور اردو کتابوں کے ۴۸۵۱ مطبوعہ و قلمی نسخوں کی مشترکہ فہرست ہے ، تینوں زبانوں کی کتابوں کا ذکر الگ الگ حصوں

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

میں موضوعی لحاظ سے ہوا ہے - بعض نسخوں کا تفصیل کے ساتھ ذکر ہوا ہے اور بعض کا اجالی طور پر -

موضوعات کی تفصیل حسبِ ذیل ہے :

عربی کتابیں : تفسیر ، حدیث ، اوراد و وظائف ، فقہ مذاہب اربعہ ، عقائد و کلام ، تصوف و مناقب و مواعظ ، معانی و بیان ، عروض ، طب و طبیعیات ، فلسفہ ، ریاضی و ہیئت ، تواریخ و سیر و تذکرے ، ادب و انشاء و دواوین و قصائد ، صرف و نحو ، عربی و فارسی ، جامع الفنون ، منطق -

فارسی کتب : تفسیر و ترجمۂ قرآن ، حدیث و سیر و اصولِ حدیث ، فقہ ، فرائض ، عقائد و مناظرہ ، درسی کتابیں ، تصوف ، تواریخ و تذکرات و مناقب ، دواوین ، مثنویات و کلیات و گلدستہ‌ها ، انشاء و رقعات ، بلاغت و معما و عروض ، حساب ، حکمت طبعی و امور عامہ و ریاضی ، طب ، صرف و نحو ، لغات ، تقویم و رمل و عملیات و تعویذات ، مسدسات و مخمسات و تواریخ -

اردو کتب : تواریخ و سوانح و حالات و واقعات ، تفسیر ، قرأت و متعلقات قرآن و حدیث ، فقہ ، اخلاق و فضائل و نصائح و تصوف ، عقائد و مباحث مذہبی ، مناظرہ ، حساب و منطق و فلسفہ ، جغرافیہ ، جامع الفنون ، طب ، قصص و داستان و فسانہ و لطائف ، عملیات ، انشاء و املا و خوشنویسی ، عروض و معانی ، کلیات و قصاید و غزلیات ، مجموعاتِ متفرقہ -

آخر میں کوئی اشاریہ نہیں ہے -

حوالہ : انجمن ترقی اردو ، کراچی

* نامعلوم

۱۳۴- فہرست کتب موجودۂ کتب خانہ عام اہلِ اسلام مدراس ترملکھڑی والا جاہ روڈ - (اردو)

مقبول ایجنسی مدراس ، رمضان ۱۳۳۴ھ / جولائی ۱۹۱۶ء ، ۳۱۲ ص -

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

کتب خانہ عام اہلِ اسلام مدراس میں موجود ۳۳۵۲ عربی، فارسی، اُردو کی مطبوعہ اور قلمی کتابوں کی مخلوط موضوعی دستی فہرست ہے۔

موضوعات حسب ذیل ترتیب کے مطابق ہیں:

تفسیر، قرأت و تجوید، حدیث، سیر، عقائد و کلام، اصول فقہ، فقہ، فرائض، ادعیہ، سلوک و تصوف، مواعظ و نصائح، اخلاق، مناظرۂ مذہبی، طبِ بشری، طب بیطری، تشریح، جراحی، قبالت، تعلیم اطفال، صرف، نحو، انشاء، ادب و بیان و معانی و بلاغت، معما، منطق، ریاضی، حساب، لکاریثما، جبر و مقابلہ، ہندسہ، مساحت، مثلثات، مخروطات، ہیئت، سیاق، جُمل، جرثقیل، لغات، علمِ حیوانات و طیور، مقناطیس، وزن و پیمائش، گلوانیزم، مناظرہ، فلسفہ، حکمت طبیعی الٰہی، علوم و فنون، حرکت و سکونِ اجسام، معادن، کیمیا، سائنس، صنعت، آلات، زراعت، فلاحت، تجارت، معماری، رنگریزی، طلسمات، نجوم، جفر، رمل، جغرافیا، جہازرانی، آب، تسطیح کرۂ زمین، اساس کرۂ زمین، قوانین حکومت ہند، تحصیل‌داری، سیاست مدن، حرب، تعبیر خواب، فال، قیافہ، عروض و قوافی، شاعری، موسیقی، تذکرۃالشعراء، نعت و مدح، مرثیہ، کلیات، دواوین، قصائد، منظومات، مثنوی، قصص، تاریخ، سفر نامہ، سوانح عمری، ناول، ڈرامہ، رسائل، متفرقات۔

حوالہ: انجمن ترقی اُردو، کراچی

* نامعلوم

۱۳۵- ضمیمۂ فہرست کتب موجودۂ کتب خانہ اہلِ اسلام مدراس ترمنکھڑی والا جاہ روڈ۔ (اُردو)

مقبول بک ایجنسی، مدراس۔ شوال ۱۳۴۲ھ۔ مئی ۱۹۲۴ء، ۱۶ ص۔

اس میں تفسیر، حدیث، سیر، عقاید، فقہ، ادعیہ، سلوک و

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

تصوف ، مناقب ، اخلاق ، مناظرہ ، طب و کیمیا ، صرف و نحو و منطق و حساب ، انشا و بلاغت و لغات ، قوانین ہند ، منظومات کے علاوہ علوم و فنون شامل ہیں ۔ مسلسل شمارہ ۳۳۵۳ - ۳۴۹۳ -

حوالہ : انجمن ترقی اردو ، کراچی

* نامعلوم

۱۳۶- A Catalogue of Books of The Amin Manzil Library owned by Dr. Khateeb, Sir Ahmad Hussain.

دوسرا عنوان :

فہرست کتب خانہ امین منزل مملوکہ ڈاکٹر خطیب سر احمد حسین نواب امین جنگ بہادر -

دارالطبع سرکار عالی ، حیدر آباد ، ۱۹۴۱ء -

ڈاکٹر خطیب سر احمد حسین نواب امین جنگ بہادر نے جو کتابیں اپنے بچپن میں جمع کی تھیں اُن کی دستی فہرست ہے ۔ اس فہرست میں انگریزی ، اردو ، فارسی اور عربی زبانوں کی مطبوعہ او غیر مطبوعہ کتابوں کا ذکر کتب کی الماریوں اور موضوعات کی ترتیب سے ہوا ہے ۔

مشرقی زبانوں کی کتب کے موضوعات یہ ہیں :

لغات و انشا ، تراجم کتب ، فقہ و قانون ، تفاسیر و کتب سبحانی ، عقائد ، سائنس و سیاحت ، سوانح و تاریخ ، دواوین و تذکرات شعر و سخن ، مثنویات و قصص ، ادبیات و متفرق -

حوالہ : انجمن ترقی اردو ، کراچی

* نامعلوم

۱۳۷- کتب خانہ آصفیہ سرکار عالی حیدر آباد (آندھرا پردیش) کے مخطوطات کی یہ فہرست چار جلدوں پر مشتمل ہے ۔ کسی جلد کے سر ورق پر بھی مرتب یا مصنف کا نام درج نہیں ہوا البتہ پہلی جلد پر سید تصدق حسین الموسوی النیسابوری کا دیباچہ ہے اور

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

بقیہ تین جلدوں کا مقدمہ سید عباس حسین الکاظمی النیسابوری الکنتوری مہتمم کتب خانۂ آصفیہ سرکار عالی نے تحریر کیا ہے۔ یہ چاروں جلدیں میر عثمان علی خان بہادر فرمانروائے مملکتِ دکن کے عہد (۱۳۲۹ - ۱۳۶۷ھ) میں مرتب ہوئی ہیں۔

ہر چہار جلد کی تفصیل حسب ذیل ہے:

جلد اول:

فہرست مشروح بعض کتب نفیسہ قلمیہ (حصہ اول) مخزونہ کتب خانہ آصفیہ سرکار عالی۔ (فارسی)

مطبوعہ دارالطبع سرکار عالی حیدر آباد دکن، ۱۳۵۷ھ، ۱۲ + ۶۶۲ ص۔

عربی، فارسی اور اردو کتب کے ۴۵۲ قلمی نسخوں کی مخلوط موضوعی فہرست ہے۔

موضوعات کی ترتیب اس طرح ہے:

مصحف، اخلاق، ادعیہ، اسامی کتب، اصولِ فقہ، انشا، بلاغت، تاریخ، تجوید، تذکرہ، تراجم، تصوف، جغرافیہ، حدیث، دواوین، رجال، ریاضی۔

ابتدا میں اسماء کتب، حروف تہجی کی ترتیب کے مطابق درج کر دیے گئے ہیں۔

جلد دوم:

وہی عنوان، وہی مطبع، ۱۳۵۷ھ، ۱۰ + ۶۲۴ ص۔

عربی، فارسی، اردو اور ترکی کتابوں کے ۳۸۱ مخطوطات کی مخلوط موضوعی فہرست ہے۔

موضوعات کی ترتیب اس طرح ہے:

سفر نامہ، سوانح عمری، سیر، صرف، طب، فتاوی، فقہ حنفی، فقہ شافعی، فقہ شیعی، قصاید، قصص، کلام، لغت، مثنویات،

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

مجامع ، محاضرات ، مناقب ، منطق ، مواعظ ، نحو ، نیرنجات ، متفرقات ۔

شروع میں کتابوں کے نام حروفِ تہجی کی ترتیب کے مطابق درج کیے گئے ہیں ۔

مذکورہ بالا دونوں جلدوں میں وہ کتابیں شامل کی گئی ہیں جو ابتدائے قیامِ کتب خانہ آصفیہ سے ۱۳۲۰ھ تک کتب خانے میں داخل ہوئی تھیں ۔

جلد سوم :

فہرست کتب عربی و فارسی و اردو مخزونہ کتب خانہ آصفیہ سرکار عالی من ابتدائے ۱۳۳۱ھ لغایتہ ۱۳۴۴ھ مطابق ۱۳۲۲ف لغایتہ ۱۳۳۴ف ۔ (اردو)

مطبوعہ دارالطبع جامعہ عثمانیہ سرکار عالی ، حیدر آباد دکن ، ۱۳۴۷ھ ، ۱۸ + ۷۶۰ ص ۔

عربی ، فارسی اور اردو زبان میں مطبوعہ اور قلمی کتابوں کے نسخوں کی موضوع وار مجمل فہرست ہے ۔ ہر موضوع پر مذکورہ تینوں زبانوں کے مخطوطات کا علی الترتیب ذکر ہوا ہے ، نسخوں کی تعداد کی تصریح نہیں ہوئی ۔

موضوعات کی ترتیب حسب ذیل ہے :

قرآن مجید ، اخلاق ، ادعیہ ، اسلامی کتب ، اصولِ فقہ ، انشا ، بلاغت ، تاریخ ، تجوید ، تذکرہ ، تراجم ، تصوف ، تفسیر ، جغرافیہ ، حدیث ، دواوین ، رجال ، ریاضی ، سفر نامہ ، سوانح عمری ، سیر ، صرف و نحو ، طبِ یونانی ، طبِ ڈاکٹری ، طبِ حیوانات ، فتاوی ، فقہ حنفی ، فقہ شافعی ، فقہ حنبلی ، فقہ مالکی ، فقہ شیعی ، فلسفہ ، قصاید ، قصص ، کلام ، کیمیا ، لغت ، مثنویات ، محاضرات ، مذاہب ، مناقب ، منطق ، مواعظ ، نحو ، نیرنجات ، مجامع ، متفرقات ۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

اس جلد میں موضوعات کی فہرست کے علاوہ دوسری کوئی راہنما فہرست نہیں ہے۔

جلد چہارم :

من ابتدائے ۱۳۴۵ھ لغات ۱۳۵۴ھ مطابق ۱۳۳۵ف لغایت ۱۳۴۳ف - (اردو)

وہی عنوان ، وہی مطبع ، ۱۳۵۵ھ ، ۱۶ + ۷۰۸ ص۔

عربی ، فارسی اور اردو کتابوں کے مطبوعہ اور غیر مطبوعہ نسخوں کی موضوع وار مجمل فہرست ہے - ہر موضوع پر مذکورہ تینوں زبانوں کی کتابوں کا الگ الگ ذکر ہوا ہے - موضوعات کی ترتیب اور تعداد تیسری جلد کے مطابق ہے۔

اس جلد میں بھی متعارفہ نسخوں کی تعداد کی تصریح نہیں ہوئی ہے - ابتداء میں موضوعات کے عنوانات کی فہرست کے سوا کوئی اشاریہ نہیں ہے۔

حوالہ : گنج بخش

* نامعلوم

۱۳۸- فہرست کتب عربی و اردو مخزونہ کتب خانہ آصفیہ سرکار عالی - از ابتدائے قیام کتب خانہ (۱۳۰۰ف تا ۱۳۲۱ف) مطابق ۱۳۳۰ھ -

کتب خانہ آصفیہ سرکار عالی حیدر آباد میں مطبوعہ اور غیر مطبوعہ عربی ، فارسی اور اردو کتابوں کی موضوع وار دستی فہرست ہے - ہر موضوع پر تینوں زبانوں کی کتابیں الگ الگ درج ہوئی ہیں۔

یہ فہرست میر عثمان علی خان فرمانروائے مملکت دکن کے عہد میں مرتب ہوئی - مرتب کا نام کتاب کے سر ورق پر نہیں ہے البتہ دونوں جلدوں پر سید تصدق حسین کاظمی مہتمم کتب خانہ آصفیہ سرکار عالی کا مقدمہ موجود ہے۔

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

جلد اول :

مطبع اختر دکن ، حیدر آباد ، ۱۳۳۲ھ ، ۴ + ۸۳۱ ص -

موضوعات کی ترتیب اس طرح ہے :

قرآن مجید ، اخلاق ، ادعیہ ، اساسی کتب ، اصول فقہ ، انشا ، بلاغت ، تاریخ ، جغرافیہ ، حدیث ، دواوین ، رجال ، ریاضی -

حوالہ : گنج بخش

جلد دوم :

مطبع اختر دکن ، حیدر آباد ، ۱۳۳۳ھ ، ۸ + ۸۳۳ تا ۱۷۹۶ + ۲ ص -

موضوعات کی ترتیب حسبِ ذیل ہے :

سفر نامہ ، سوانح عمری ، سیر ، صرف ، نحو ، طبِ یونانی ، طبِ یونانی و ویدک (اس حصے میں تلنگی زبان کے نسخے بھی ہیں) ، طبِ ڈاکٹری ، طب حیوانات ، فتاوی ، حنفی و شافعی و حنبلی و مالکی و شیعی فقہ ، فلسفہ ، قصاید ، قصص ، کلام ، کیمیا ، لغت ، مثنویات ، محاضرات ، مذاہب ، مناقب ، منطق ، مواعظ ، نحو ، نیرنجات ، تعبیر خواب ، تکسیر ، جفر ، رمل ، طلسمات ، فال ، قیافہ ، نجوم ، مجامیع ، متفرقات ، حرب ، حیوانات ، خطاطی ، سپہ گری ، شکار ، صنائع ، طباخی ، فلاحت ، مجمع العلوم ، مرقعات ، مسمریزم ، معدنیات ، نباتات ، نسب نامہ ، کتب متفرقہ اباصیہ ، متفرقات دیگر -

حوالہ : گنج بخش

* نامعلوم

فہرست کتب عربی موجودہ کتب خانۂ ریاست رام پور - (فارسی) بحکم حکیم محمد اجمل خان ، مطبع احمدی ، رام پور ، ۱۹۰۲ء ، ۷۲۰ ص -

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

کتب خانہ ریاست رام پور میں موجود عربی کتابوں کے مطبوعہ اور غیرمطبوعہ نسخوں کی دستی فہرست ہے - کتاب کے سر ورق پر فہرست نویس کا نام درج نہیں ہے البتہ مقدمہ حکیم محمد اجمل خان (م ۱۹۲۷ء) نے لکھا ہے -

اس موضوعی فہرست کے موضوعات کی ترتیب حسبِ ذیل ہے :

قرآن ، تفسیر ، تجوید ، قرآنی علوم ، حدیث ، اصولِ حدیث ، اسماء الرجال ، ادعیہ ، فقہ ، اصولِ فقہ ، کلام ، سلوک و تصوف ، اخلاق ، حکمت ، ریاضی ، ہیئت ، منطق ، طب ، تشریح الاعضاء ، بیطرہ ، لغت ، صرف و نحو ، بلاغت ، عروض و قافیہ ، ادب ، تاریخ ، سیر و مغازی ، جغرافیہ ، مناقب ، مناظرہ ، آداب الحرب ، جفر ، نجوم رمل ، کیمیا ، اعمال و طلاسم ، تعبیر الرؤیا ، املا ، متفرق - آخر میں کسی قسم کا اشاریہ نہیں ہے -

حوالہ : گنج بخش

* نامعلوم

۱۴۰- فہرست کتابخانۂ سرکار دولت مدار و چند کتابخانۂ دیگر

قلمی نسخہ مخزونہ برٹش میوزیم لندن ، شمارہ Or. 2066/2 ، ورق ۵۵ - ۱۰۰ و مابعد -

تقریباً دو ہزار عربی اور فارسی کتابوں کے ناموں کی فہرست ہے -

بحوالہ : فہرست نسخہ ہای خطی فارسی ۶ : ۴۰۷۷ ، ریو ۳ : ۱۰۶۰

* نامعلوم

۱۴۱- فہرست کتابخانۂ فورٹ ولیم کالج

قلمی نسخہ مخزونہ برٹش میوزیم لندن ، شمارہ Add 24042 ، ۱۱۰ ورق -

فورٹ ولیم کالج (Fort William College) کلکتہ میں مشرقی کتب

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

کی بے حد مختصر فہرست ہے ۔ زیادہ تر صرف کتابوں کے نام درج کیے گئے ہیں ۔

بحوالہ : فہرست نسخہ ہای خطی فارسی ٦ : ۴۰۷۷ ،
ریو ۲ : ۷۷۷

* نامعلوم

۱۴۲- مآثر نامہ (فارسی)

قلمی نسخہ مخزونہ برٹش میوزیم لندن ، شمارہ Add 16720 ،
۲۰ ورق ، ۹ سطور فی صفحہ ۔

نسخہ کے ابتداء میں کتاب کا نام ''مآثر نامہ درحقیقت کتب تاریخ'' درج ہوا ہے ۔ آخر میں لکھا ہے :

راقمہ ابوالحسن ولد منشی غلام حسن متوطن بندر ہوگلی ، معلوم نہیں یہ نسخے کے کاتب کا نام ہے یا مصنف کا ؟

ہندوستانی تواریخ پر کتابوں اور رسالوں کی فہرست ہے ۔

آغاز : الحمد للہ علی افضالہ و الصلواۃ و السلام علی حبیبہ ۔

بحوالہ : فہرست نسخہ ہای خطی فارسی ٦ : ۴۰۷۹ ،
ریو ۲ : ۷۷٦

* نامعلوم

۱۴۳- **Descriptive Catalogue of the Persian Manuscripts in the Government Museum, Alwar.**
Jaipur, 1962.

حوالہ : مارشل

* نامعلوم

ہریانہ کے کسی کتب خانہ کے فارسی ، ہندی ، پنجابی ، اردو مخطوطات کی دستی فہرست ہے اور سائیکلوسٹائل میں ہے ۔

۳٦٦ تاریخی مخطوظات (٦۳ صفحات) ، ۱۱۱ مذہبی مخطوطات ،

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

(۲۸ صفحات) ۷۲ ادبی مخطوطات (۱۱۱ صفحات ۴۹) ، متفرق مخطوطات (۱۰ صفحات) -

حوالہ : مرکز ، دہلی

* نامعلوم

۱۴۴- Hand List of Manuscripts at the Punjab Archives Patiala.

ٹائپ شدہ ، ۴۳ + ۹ + ۵ + ۶ + ۲ ص -

۳۴۰ تاریخی مخطوطات ، ۸۰ ادبی مخطوطات ، ۴۷ متفرق مخطوطات ، ۵۲ مذہبی مخطوطات اور ۱۱ طبی مخطوطات کی دستی فہرست ہے - یہ مخطوطات فارسی ، پنجابی ، اردو زبانوں کے ہیں -

حوالہ : مرکز ، دہلی

* نامعلوم

۱۴۵- Descriptive Catalogue of Arabic and Persian Manuscripts. Gujarat, Vidya Sabha Collection in Ahmadabad.

Ahmadabad. 1964.

حوالہ : مارشل

* نامعلوم

۱۴۶- Catalogue of Manuscripts, Library of Archives Patiala.

[a hand list], (Historical Manuscripts).

۶۳ صفحات ، سائیکلوسٹائل کاپی -

صرف تاریخی کتابوں کے مخطوطات کی دستی فہرست ہے ، زیادہ تر

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

فارسی کتابوں کو شامل کیا گیا ہے ، چند نسخے اردو کے بھی ہیں -
آخر میں کوئی اشاریہ نہیں ہے -

حوالہ : محمد اقبال مجددی ، لاہور - یہ معلومات انہی کی فراہم کردہ ہیں -

* ندوی ، سلمان شمسی

۱۴۷- ہندوستان کے مشرقی کتب خانے - (اردو)

قسم اول : سینٹر آف پبلی کیشنز اینڈ اسٹڈیز ، ہتاون اتر پردیش اردو اکاڈمی ، لکھنؤ ، ۱۹۷۳ء ، ۲۰۱ ص -

ہندوستان کے مندرجہ ذیل اٹھارہ کتب خانوں کی مختصر تاریخ اور ان میں موجود عربی ، فارسی اور اردو مخطوطات کا تعارف ہے -

کتب خانۂ ندوۃ العلماء لکھنؤ ، کتب خانہ ناصریہ لکھنؤ ، صولت لائبریری رام پور ، رام پور رضا لائبریری رام پور ، جواہر میوزیم اٹاوہ ، کتب خانہ دارالمصنفین اعظم گڑھ ، کتب خانہ دارالعلوم دیو بند ، مولانا آزاد لائبریری علی گڑھ ، خدا بخش لائبریری پٹنہ ، ٹونک کے کتب خانے ، کتب خانہ حمیدیہ بھوپال ، سالار جنگ میوزیم حیدر آباد ، کتب خانہ آصفیہ حیدر آباد ، کتب خانہ ادارۂ ادبیات دکن حیدر آباد ، کریمی لائبریری بمبئی ، اورینٹل لائبریری مدراس ، ایشیاٹک سوسائٹی کلکتہ -

حوالہ : مشفق خواجہ ، کراچی

* **Nadvi, Masud Alam** ندوی ، مسعود عالم

Revised By :

Maulvi S. M. Hashim Maududi. -۱۴۸

Catalogue of Arabic and Persian Library at Bankipore.

Volume XXVI : Arabic Mss. Miscellanies.
Patna. 1946, iii + 150 + iv pp.

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

۱۸ مجلدات میں متعدد عربی رسائل کی توضیحی فہرست ہے۔ (مسلسل شمارہ ۲۷۸۸ - ۲۸۰۵)۔

آخر میں رسائل کے عنوانات کا اشاریہ موجود ہے۔

حوالہ: جامعۂ کراچی

Volume XXV : دیکھیے، عبدالحمید۔

* Nadvi, Muinuddin ندوی، معین الدین

۱۴۹- Catalogue of the Arabic and Persian Manuscripts in the Oriental Public Libarary at Bankipore.

Volume XII. Arabic Mss. Biography.

Patna, The Superintendent, Govt. Printing, Bihar and Orissa, 1927, v + 167 pp.

(خدا بخش) اورینٹل پبلک لائبریری بانکی پور (پٹنہ) میں عربی تذکروں کے ۱۶۷ نسخوں کی تفصیلی فہرست۔ یہ عام، صحابہ و محدثین، شیعہ محدثین، مشائخ وصوفیہ، شارحین قرآن، قاریانِ قرآن، فقہائے حنفیہ و شافعیہ و حنبلیہ، اطباء، فرہنگ نویسوں، نحویوں، شعراء کے تذکرے ہیں۔ بعض کتابوں کا تعلق مندرجہ ذیل شہروں اور ملکوں سے ہے: بغداد، دمشق، ہسپانیہ، مصر، یمن، ترکی، حضرموت، ہندوستان، جغرافیہ پر بھی چند نسخوں کا ذکر ہوا ہے۔

آخر میں کوئی اشاریہ نہیں ہے۔

حوالہ: جامعۂ کراچی

Volume XV. Arabic Mss. History.

Same Publisher, 1929, iv + 210 pp.

عربی زبان میں تاریخ کے مندرجہ ذیل موضوعات پر ۱۵۶ نسخوں کی وضاحتی فہرست ہے (مسلسل شمارہ ۹۶۰ - ۱۱۱۵)۔

قدیم اور عام تاریخ، ملل و نحل، انبیاء، محمدؐ، اہلِ بیت، خلفا،

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

علی اور آن کے جانشین ، زیدی ائمہ ، غزنویان ، تیمور ، ایوبی ، ترکی ، مصر ، شام ، مکہ ، مدینہ ، یمن ، عرب قبائل ، سفر نامہ ۔ آخر میں کوئی اشاریہ نہیں ہے ۔

حوالہ : جامعہ کراچی

Volume XVIII : Arabic Mss. Quranic Science, Part I.
Same Publisher, 1930, V + 187 pp.

عربی زبان میں خود قرآن ، قرأت قرآن ، تجوید قرآن اور تلفظ قرآن پر ۲۰۶ نسخوں کی تفصیلی فہرست ہے (مسلسل شمارہ ۱۱۱۶ - ۱۳۲۱) ۔

حوالہ : جامعہ کراچی

Volume XVIII : Arabic Mss. Quranic Science, Part II.
Same Publisher 1932, iv + 181 pp.

عربی زبان میں تفاسیر قرآن ، تصوف اور شیعی عقائد کے مطابق تفاسیر قرآن ، احکام قرآن ، الناسخ و المنسوخ ، فرہنگ قرآن اور کشف آیات قرآن پر ۱۶۷ نسخوں کی مفصل فہرست ہے (مسلسل شمارہ ۱۳۲۲ - ۱۴۸۸) ۔

حوالہ : جامعہ کراچی

Volume XXIII : Arabic Mss. Poetry and Elegant Prose.
Same Publisher, 1939, iv + 151 pp.

عربی شاعری ، حماسہ ، نثر ، مکاتیب ، مجامیع اور داستانوں پر ۱۳۹ نسخوں کی وضاحتی فہرست ہے (مسلسل شمارہ ۲۵۰۴ - ۲۶۴۲) ۔

حوالہ : جامعہ کراچی

... And Abdul Hamid باشتراک عبدالحمید
Abdul Hamid Volume XXIV: Arabic Mss. Ethics and Prayer.
Same Publisher 1940, V + 138 pp.

اخلاق ، عملی فلسفہ اور ادعیہ پر فارسی کتب کے ۱۲۸ نسخوں کا

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

تشریحی تذکرہ ہے (مسلسل شمارہ ۲۶۴۳ - ۲۷۷۰)۔

آخر میں کوئی اشاریہ نہیں ہے۔

حوالہ: جامعہ کراچی

* ندوی، سید ہاشم

۱۵۰- تذکرۃ النوادر من المخطوطات العربیۃ۔ (عربی)

دائرۃ المعارف العثمانیہ، حیدر آباد، ۱۳۵۰ھ، ۲۲۸ ص۔

دنیا بھر میں عربی کتب کے نادر مخطوطات کی موضوعی فہرست ہے۔ موضوعات کی ترتیب اس طرح ہے:

علوم القرآن، علوم الحدیث، فقہ، کلام، تاریخ، رجال و طبقات، لغت، ادب، نحو، منطق و فلسفہ، ریاضی، ہیئت، نجوم، موسیقی، کیمیا و طبیعۃ، علم الاحجار و معرفت الجواہر، طب و جراحت، تصوف و اخلاق۔

مجموعی طور پر ۳۷۶ مخطوطات کا تذکرہ ہے۔ اس میں بھارتی، مصری، برطانوی، المانوی، ترکی اور کچھ دیگر یورپی کتب خانوں کے نوادر شامل ہیں:

ہندوستانی کتب خانوں کے نام یہ ہیں:

کتب خانۂ بانکی پور، الخزانۃ العمومیۃ اللمجلس الشرق الکائنائتۃ بکلکتہ کتب خانۂ ریاست رام پور، کتب خانۂ ندوۃ العلماء لکھنؤ، کتب خانۂ سید ناصر حسین لکھنوی، کتب خانۂ سید احمد حسین علوی سلیم پوری لکھنوی، کتب خانۂ مولانا حبیب الرحمن خان شروانی، کتب خانہ علمائے فرنگی محل لکھنؤ، کتب خانہ آصفیہ حیدر آباد، کتب خانہ جامعۂ عثمانیہ حیدر آباد، کتب خانہ مولانا خلیل اللہ مدراسی، کتب خانہ مفتی محمد سعید۔

فہرست کے آخر میں موضوعات، کتب اور مصنفین کے ناموں کے اشاریے ہیں۔

حوالہ: گنج بخش

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitized by eGangotri

* Nazir Ahmad نذیر احمد

* Hazir Razawi حاضر رضوی

۱۵۱- List of Arabic and Persian Manuscripts acquired on behalf of the Government of India by the Asiatic Society of Bengal during 1908 - 1910.
Calcutta, 1911, II + 62 pp.

ایشیاٹک سوسائٹی ، بنگال کلکتہ نے حکومتِ ہند کے لیے ۱۹۰۸ء - ۱۹۱۰ء کے دوران میں جو ۵۴۰ عربی اور فارسی مخطوطات خریدے تھے ، ان کی فہرست ہے -

حوالہ : افشار ، ص ۵۹

* یہ معاصر محقق ڈاکٹر نذیر احمد نہیں ہیں -

* نذیر احمد ، ڈاکٹر

۱۵۲- نادرالعصر اُستاد احمد معمار تاج محل کے خاندان کے مصنفین کے مخطوطے جو علی گڑھ میں ہیں -

مقالہ مشمولہ اورینٹل کالج میگزین ، لاہور ، مئی ۱۹۶۰ء ، جلد ۳۶ ، شمارہ ۳ ، ص ۱ - ۸ -

* Nazir Ahmad

۱۵۳- Timurid Manuscripts of artistic and historical value in Indian collections.

Aligarh Muslim University, Aligarh, 1969, 42 pp.

سائیکلوسٹائل کاپی ہے -

حوالہ : جامعہ پنجاب ، لاہور

[اس کا فارسی ترجمہ اُستاد عبدالحی حبیبی نے اپنی کتاب "ہنر عہد تیموریان و متفرعاتِ آن" شائع کردہ بنیاد فرہنگ ایران ، تہران ، ۲۵۳۵ شاہنشاہی میں صفحہ ۷۲۶ تا ۷۶۹ شامل کیا ہے

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

اُس میں مندرجہ ذیل نوعیت کی کتابیں ہیں :

۱- ہُنری نسخے -

۲- بخط مصنف نسخے -

۳- خطاطی پر نادر نسخے -

۴- تاریخی اعتبار سے نادر مخطوطات]-

نیز دیکھیے : مرکز تحقیقات زبان فارسی در ہند -

* Nazir Ahmad, Hafiz نذیر احمد ، حافظ

۱۵۴- **Notes on important Arabic and Persian manuscripts found in various libraries in India.**

Journal Asiatic Society of Bengal, Culcutta, Vol. XIII (1917), pp. 77-139 at, Vol. XIV (1918) 199-356 pp.

ہندوستان کے مختلف کتب خانوں میں پائے جانے والے اہم عربی اور فارسی مخطوطات پر یادداشتیں ہیں -

حوالہ : افشار ، ص ۵۹ -

* M. Nizamuddin ایم - نظام الدین

۱۵۵- **A Catalogue of the Arabic Manuscripts in the Salar Jang Collection.**

عربی عنوان :

الفہرست المشروح للمخطوطات العربیۃ المخزونہ مکتبۃ سالار جنگ

Volume I : Concerning Mss. on Philosophy, Logic. Theology etc.

Published by the order of the Salar Jang Estate Committee, Hayderabad, 1957 / 1376, xxvii + 256 pp.

کتب خانہ سالار جنگ حیدرآباد میں فلسفہ ، منطق ، اور کلام

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

وغیرہ پر عربی کتب کے ۳۵۱ مخطوطات کی وضاحتی فہرست ہے۔

[دراصل ۳۵۱ اندراجات کی تعداد ۳۵۱ ہے۔ نسخوں کی تعداد اس سے کہیں زیادہ ہے کیوں کہ مجموعہ ہائے رسائل میں متعارف ہونے والے رسالوں کو اس تعداد میں شامل نہیں کیا گیا۔ سر ورق پر یہ عبارت مندرج ہے:

یحتوی علی وصف ۳۵۱ مخطوطة فی...]

ہر کتاب کا نام عربی رسم الخط میں بھی درج کیا گیا ہے۔

ابتداء میں کتابوں کے ناموں کی فہرست اس ترتیب کے ساتھ مندرج ہوئی ہے جس کے مطابق یہ کتاب میں متعارف ہوئی ہیں۔

آخر میں کوئی اشاریہ نہیں ہے۔

حوالہ: نوشاہیہ، گنج بخش

* نظامی، خلیق احمد

۱۵۹- تاریخی مقالات۔ جس میں ہندی قرونِ وسطی کے تمدنی حالات، مذہبی افکار اور ادبی رجحانات کے متعلق تحقیقی مقالات شامل ہیں۔ (اردو)

ندوۃ المصنفین، دہلی، سلسلۂ مطبوعات ۹۶، ۱۳۸۵ھ - ۱۹۶۶ء، ز + ۲۹۹ ص۔

ص ۱۱۷ تا ۱۷۲ مقالہ بعنوان "مسلم یونیورسٹی کے کتب خانہ میں چند اہم مخطوطات" موجود ہے، جس میں مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کے کتب خانے میں پائی جانے والی مندرجہ ذیل نو عربی اور فارسی کتب کے مخطوطات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ہے:

نہج البلاغہ، نفائس المآثر، حال نامۂ بایزید انصاری، طبقاتِ اکبری، ذکر ملوک، مکتوباتِ شاہ محب اللہ الہ آبادی، سرور الصدور و نور البدور، اسؤلہ و اجوبۂ رشیدی، فتح المغنی۔

حوالہ: جامعۂ پنجاب، لاہور

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

* نفیسی ، سعید

۱۵۷- کتابهای مهم کتابخانهٔ ریاست رام پور - (فارسی)

مقالہ مشمولہ در مجلۂ پیامِ نو -

طہران ، ۱۳۳۰ ش ، شمارہ ۹ ، ص ۴۹ - ۶۲ -

کتب خانہ ریاست رام پور میں اسلامی کتابوں کے ۱۴۹ نسخوں کا تعارف اور تذکرہ ہے -

نفایس کتابخانہ های اسلامی ہندوستان - (فارسی)

مقالہ مشمولہ در مجلہ پیامِ نو -

طہران ، ۱۳۳۰ ش ، سالِ پنجم ، شمارہ ۵ ، ص ۵۸ - ۶۱ -

مسلم یونیورسٹی علی گڑھ اور کتابخانۂ حبیب گنج میں موجود چند اہم مخطوطات کا تذکرہ ہے -

حوالہ : افشار ، ص ۶۳

نسخہ های خطی فارسی در الہ آباد و حیدرآباد و مدراس - (فارسی)

مقالہ مشمولہ ''تمدن'' ، تہران ، ۲ ، ص ۲۹۷ - ۳۰۰ -

الہ آباد ، حیدرآباد اور مدراس کے کتب خانوں میں فارسی مخطوطات کا مختصراً ذکر کیا گیا ہے -

حوالہ : تسبیحی ، ص ۲۹۴

* National Museum نیشنل میوزیم

۱۵۸- Manuscripts from Indian Collections : Descriptive Catalogue.

National Museum, New Delhi, 1964, in honour of the xxvi International Congress of Orientalists (January 4 - 11 - 1964) an exhibition of selected manuscripts from Indian collections, 113 pp.

CC-0 Kashmir Research Institute. Digitzed by eGangotri

مستشرقین کی چھبیسویں بین الاقوامی کانگرس (۴ - ۱۱ جنوری ۱۹۶۴ء) کے موقع پر نیشنل میوزیم نئی دہلی میں منعقدہ مخطوطات کی توضیحی فہرست ہے - یہ نسخے ہندوستان کے مندرجہ ذیل کتب خانوں سے لائے گئے ہیں :

1. National Museum, New Delhi.
2. National Archive of India, New Delhi.
3. Archaeological Section, Indian Museum, Calcutta.
4. Bhandarkar Oriental Research Institute, Poona.
5. Asiatic Society, Calcutta.
6. Bharat Kala Bhavan, Banaras Hindu University, Varanasi.
7. Namghal Institute of Tibetology, Gangtok (Sikkim).
8. Asutosh Museum of Indian Art, University of Calcutta, Calcutta.
9. Sarasvati Bhavan, Sanskrit University, Varanasi.
10. Rajasthan Oriental Research Institute, Jodhpur, (Rajasthan).
11. Visheveshvarananda Vedic Research Institute, Hoshiarpur, (Punjab).
12. K. P. Jayaswal Research Institute, Patna, (Bihar).
13. Saraswati Bhawan, Udaipur (Rajasthan).
